PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
EXAMINATION 2016, GRADE - 8
URDU PART - B (Subjective Type)

MODEL PAPER:2

Part A:48 marks, Part B:52 Marks, Total Marks:100

Student Name (in Capitals)	

Roll Number (In Figures)			-				-			

Superintendent Signature ______________________

صرف ممتحن کے استعمال کے لیے

Q. No.	Marks	Signature of Examiner	Signature of Head Examiner
33			
34			
35			
36			
37			
38			

Result.pk

عمومی ہدایات:

(1) اس حصہ میں چھ انشائی طرز کے سوالات ہیں جو ایک یا ایک سے زائد حصوں پر مشتمل ہو سکتے ہیں۔

(2) انشائی سوالات کے جوابات ہر بچہ اپنے نقطہ نظر سے دے گا۔

(3) جواب لکھنے کے لیے سوال کے نیچے دی گئی خالی جگہ استعمال کریں۔کوئی اضافی صفحات نہیں دیے جائیں گے۔

کل وقت: 1 گھنٹہ 30 منٹ | **اُردو (حصہ ب) انشائی طرز کے سوالات** | کل نمبر: 52

سوال نمبر 33- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر پر دی گئی ہدایت کے مطابق اپنی رائے تحریر کریں۔ (8)

اکرم سکول سے چھٹی کے وقت اپنے گھر جا رہا تھا۔راستے میں کیا دیکھتا ہے کہ اس کے سکول کا ساتھی سائیکل سے گر گیا ہے اور چوٹ لگ جانے کی وجہ سے بہت پریشان ہے۔وہ چاہتا ہے کہ اِدھر اُدھر سے کوئی اس کی مدد کرے۔اکرم اس صورتحال کو دیکھ کر سوچتا ہے کہ کیا کرے؟ کیونکہ اس کی والدہ نے اسے گھر جلدی آنے کی تاکید کی تھی۔

درج بالا عبارت کو غور سے پڑھیں اور بتائیں کہ اکرم کی جگہ اگر آپ ہوتے تو کیا کرتے اور کیوں کرتے؟

....

....

....

....

....

....

سوال نمبر 34- ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام وظیفہ کے حصول کے لیے درخواست لکھیں۔ (8)

سوال نمبر 35- درج ذیل اشعار کی تشریح اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (8)

نقش ڈینگے ہیں ترے نام ہے ڈینگی تیرا
کاٹنا سب کو سدا کام ہے ڈینگی تیرا

ہم بہ توفیقِ خدا تجھ کو فنا کر دیں گے
ہم تدبّر سے ترا حشر برا کر دیں گے

ہم بچالیں گے زمانے کو ترے فتنے سے
ابنِ آدم کا بہر طور بھلا کر دیں گے

Result.pk

سوال نمبر 36-   نیچے دی گئی عبارت کو غور سے پڑھیں اور اس کا ایک تہائی خلاصہ لکھیں۔ (8)

ہمارا پیارا وطن پاکستان لاکھوں مسلمانوں کی قربانیوں کے بعد وجود میں آیا۔ اس کے قیام کے بعد اگر کسی نے اسے میلی آنکھ سے دیکھنے کی کوشش کی تو ہمارے وطن کے جیالے اس کی حفاظت کے لیے مضبوط ڈھال بن گئے۔ اس عظیم فرض کے لیے انھوں نے اپنی جانوں کی بھی پروا نہیں کی۔ ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ میں پاکستان کے جیالوں نے بہادری اور دلیری کی روشن مثالیں قائم کیں اور دشمن کے ارادوں کو خاک میں ملا دیا۔ اس جنگ کے نتائج نے پوری دنیا کو پیغام دیا کہ حب الوطنی اور ملی غیرت کا جذبہ رکھنے والی قوم کو کبھی شکست نہیں دی جا سکتی۔ ہمارا پیارا وطن پاکستان اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمیشہ قائم رہے گا۔

سوال نمبر 37-   باپ اور بیٹے کے درمیان امتحان میں کارکردگی پر مکالمہ تحریر کریں جو دس جملوں پر مشتمل ہو۔ (10)

Result.pk

سوال نمبر 38- آپ چھٹی کا دن کس طرح گزارتے ہیں؟ اس بارے میں دس جملوں پر مشتمل پیراگراف لکھیے۔ (10)

Result.pk